شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

24 ستمبر 2024ء

پریس ریلیز

لبنان پر وحشیانہ اسرائیلی بمباری نے ایک مرتبہ پھر ثابت کر دیا ہے کہ ناجائز صہیونی ریاست جنگ پھیلانے پر تُلی ہوئی ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور (پ ر): لبنان پر وحشیانہ اسرائیلی بمباری نے ایک مرتبہ پھر ثابت کر دیا ہے کہ ناجائز صہیونی ریاست جنگ پھیلانے پر تُلی ہوئی ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ گزشتہ روز لبنان کے مختلف علاقوں پر اسرائیل نے شدید ترین بمباری کی جو گزشتہ کئی دہائیوں میں بیروت پر صہیونیوں کا سب سے بڑا حملہ تھا۔ خوف ناک بمباری سے تقریباً 500 مسلمانوں کو ایک ہی دن میں شہید کر دیا گیا۔ اس سے چند روز قبل لبنان ہی میں اسرائیل نے بدترین سائبر دہشت گردی کا ارتکاب کیا اور پیجز، واکی ٹاکی اور دیگر ڈیجیٹل ڈیوائسز کو دھماکوں سے پھاڑ کر کئی درجن افراد کو شہید اور ہزاروں کو زخمی کر دیا تھا جس سے دنیا بھر میں غم وغصہ کے ساتھ خوف وہراس بھی پھیل گیا تھا۔ حقیقت یہ ہے کہ اسرائیل مشرقِ وسطیٰ بلکہ ساری دنیا کو ایک بڑی جنگ کی طرف ہانک رہا ہے۔ اسرائیل گزشتہ 11 ماہ سے غزہ پر مسلسل درندگی مسلط کیے ہوئے ہے اور اب دیگر ہمسایہ عرب ممالک کو بھی اپنا ہدف بنا کر گریٹر اسرائیل کے ناپاک منصوبہ کو تیزی سے آگے بڑھانا چاہتا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ اسرائیلی ظلم وبہیمیت کو روکنے میں ناکامی نے یہ بھی ثابت کر دیا ہے کہ اقوام متحدہ اور اُس جیسے دیگر عالمی وعلاقی ادارے اپنی رہی سہی ساکھ اور افادیت بھی مکمل طور پر کھو چکے ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ اگر جنگ کا میدان وسیع ہوتا ہے تو اُس کے بنیادی ذمہ دار تو خود اسرائیل اور امریکہ ہی ہوں گے۔ لیکن دیگر عالمی قوتیں بالعموم اور مسلمان ممالک بالخصوص صہیونی جارحیت کے خلاف عملی اقدامات نہ کرنے کے مجرم شمار ہوں گے۔ مسلمان ممالک کو اب جان لینا چاہیے کہ بڑی طاقتوں اور بین الاقوامی اداروں پر انحصار کرنے میں اُن کی اپنی ہی موت ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ اللہ پر بھروسہ کریں اور تمام مسلمان ممالک ایک پلیٹ فارم پر متحد ہوں۔ ایک مؤثر اتحاد بنا کر اسرائیل اور اُس کے تمام معاونین کے خلاف عملی اقدامات کریں تاکہ دنیا کے امن کو مزید تباہ ہونے سے بھی بچایا جائے اور عالمی سطح پر فیصلہ سازی کے حوالے سے عالمِ اسلام کی بے وقعتی و بے توقیری کو بھی کسی درجہ میں کم کیا جاسکے۔

جاری کردہ

خورشید انجم

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان